چند سوالات

۱- اگر کوئی بچہ اس طرح پیدا ہوتا ہے کہ اس کا کوئی عضو اپنی جگہ پر درست نہیں ہے تو عام لوگ اسے خدا کی طرف سے سمجھتے ہیں جبکہ ڈاکٹرز کہتے ہیں کہ یہ محض کروموسومز کی وجہ سے ہے۔ اگر آپ کو خدا پر واقعی یقین ہے تو آپ غدود آپریشن کے ذریعے کیوں نکلواتے ہیں؟ کیا خدا آپ کی بیماری دور نہیں کر سکتا؟

۲- یہ بھی بتایئے کہ انسان کے مردہ جسم کی چیرپھاڑ کر کے میڈیکل کے طالب علم لڑکے اور لڑکیاں جو علم حاصل کرتے ہیں اس کا طریقہ صحیح ہے یا نہیں؟

۳- کیا تحریک کا ایک کارکن اپنے تنظیمی کام کاج چھوڑ کر پڑھائی کر سکتا ہے؟

۴- جس کمرے کے اندر انسان کی یا کسی اور چیز کی تصویر ہو' تو کیا وہاں نماز ہو جاتی ہے؟

۵- میرے ایک دوست نے تعلیم کے لیے روس جاتے ہوئے داڑھی منڈوا ڈالی تو اس کا یہ عمل کیسا ہے؟ اور داڑھی منڈوانے کی شرعی سزا کیا ہے؟

۶- ایک آدمی نے قرآن پر عہد کیا اور پھر توڑ دیا۔ جس کا کفارہ دس آدمیوں کو کھانا کھلانا ہے۔ کیا وہ آدمی دس آدمیوں کے کھانے کی رقم کسی ایک آدمی کو دے سکتا ہے یا الگ الگ آدمیوں کو تھوڑی تھوڑی کر کے دے۔ یہ رقم جہاد فنڈ میں دی جا سکتی ہے یا نہیں؟

۷- حدیث نبوی ؐ ہے کہ دلوں کے زنگ کا علاج قرآن اور موت کو یاد کرنے میں ہے۔ ایک آدمی جو اپنے آپ کو اسلام کے لیے پیش کر چکا تھا' بھٹک گیا' یہاں تک کہ عقیدہ توحید سے بھی منحرف ہو گیا۔ اس کا علاج بھی قرآن اور موت کو یاد کرنے میں ہو سکتا ہے؟ یا یہ صرف ان کے لیے ہے جو ایمان لائے ہوں؟

۸- حدیث نبوی ؐ ہے کہ جو شخص آخرت سے محبت کرتا ہے وہ اپنی دنیا ضرور تباہ کرتا ہے۔ اس کی روشنی میں کیا ہمیں اپنی دنیا بنانے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔ اگر کوئی ڈاکٹر' انجینیر یا کچھ اور بننا چاہتا ہے تو اسلام اس کی کتنی حوصلہ افزائی کرتا ہے؟

۹- سیکولر جماعت کو عام طور پر "ترقی پسند" کہا جاتا ہے۔ کیا جماعت اسلامی ترقی کو پسند نہیں کرتی؟ یا اسلام ترقی کرنے سے کسی طرح روکتا ہے؟

۱۰- ایک آدمی اپنی ذات کو خدا کے وجود یا خدا کی موجودگی کا احساس کس طرح دلا سکتا ہے۔ اپنی اصلاح کرنے اور اپنے آپ کو بالکل ۔۔ فی صد اسی راہ پر چلانے جو خدا کا حکم ہے' سب سے کارگر نسخہ کیا ہے؟

۱۱- ملک میں موجود درجنوں اسلامی جماعتوں نے سخت پریشان کر رکھا ہے جو صرف اپنے آپ کو سچی اور باقی سب کو غلط سمجھتی ہیں۔ جس کی وجہ سے میرا تو سب سے اعتماد اٹھتا جا رہا ہے۔ نیز جماعت اسلامی کا اس سلسلے میں خود اپنا رویہ کس طرح کا ہے؟

۱۲- فوجی پریڈ کرنے کے لیے بینڈ استعمال کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟ شرعی حکم کیا ہے؟

۱۳- کیا انگریزی پڑھنا یا سیکھنا گناہ ہے؟ اگر ایسا نہیں ہے تو جماعت اسلامی نے انگریزی کی مخالفت کیوں کی ہے؟